نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر کی زیرِ صدارت لاہور میں زرعی ٹاسک فورس کا تیسرا اجلاس۔سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو و دیگر افسران کی اجلاس میں شرکت

لاہور 12 جون 2023: صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ زراعت کے شعبے کو روایتی طریقہ کاشت سے جدید میکنا ئزڈ کاشتکاری میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے تا کہ ہماری فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔زراعت کے شعبے میں درپیش چیلنجز کے حل کے لئے پبلک پرائیویٹ سیکٹر کو مل کر کام کرنا ہوگا تا کہ زرعی ویلیو چین میں بہتری لا کر زرعی برآمدات میں اضافہ کیا جا سکے۔وہ آج نیو منسٹر بلاک سول سیکرٹریٹ میں زرعی ٹاسک فورس کے تیسرے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، اسپشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ پنجاب سیدہ کلثوم حئی، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ممبر پلاننگ زراعت جاوید اسلم، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز پنجاب رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم کے علاوہ محکمہ لائیوسٹاک، آبپاشی و پرائیویٹ سیکٹر کے نمائندگان نے شرکت کی۔یاد رہے، وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایات پر زرعی ویلیو چین میں بہتری کے لئے زرعی ٹاسک فورس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔اس 13 رکنی زرعی ٹاسک فورس کی سربراہی وزیر اعلیٰ پنجاب کر رہے ہیں جبکہ دیگر ممبران میں صوبائی وزیر انڈسٹریز، چیف سیکرٹری پنجاب، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، سیکرٹری زراعت، لائیوسٹاک، آبپاشی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (ریسرچ) کے علاوہ آپٹا و دیگر تنظیموں کے نمائندگان شامل ہیں۔اجلاس میں جدید زراعت کے فروغ، فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے اور زمین کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کے لئے مختلف تجاویز کی منظوری دی گئی جس میں گندم اور کپاس کی پیداوار بڑھانے کے لئے منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج کو فروغ دینے، زمین کی زرخیزی بڑھانے کے لئے پنجاب سائل فرٹیلیٹی بحالی پروگرام، چھوٹے کاشتکاروں کو 50 فیصد سبسڈی پر 60 جپسم کے تھیلے دینے اور پنجاب میں 50 ہزار ایکڑ بنجر زمین کو قابلِ کاشت اراضی بنانے کی تجاویز شامل ہیں۔اس موقع پر صوبائی وزیر ایس ایم تنویر نے تھل کی آباد کاری کے لئے منکیرہ، چوبارہ اور نور پور کی تحصیلوں میں پائلٹ پراجیکٹ شروع کرنے، پوٹھوہار میں 5 نئے سمال ڈیم بنانے اور پنجاب میں تحصیل کی سطح پر سائل اینڈ واٹر ٹیسٹنگ لیب بنانے کی ہدایت کی۔انھوں نے کہا کہ زرعی ریسرچ کو فروغ دینے کے لئے چین کے تعاون سے فیصل آباد میں اسٹیٹ آف دی آرٹ ریسرچ سینٹر بنایا جائے گا۔صوبائی وزیر نے پنجاب میں چھوٹے کاشتکاروں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کت تحت ویئر ہاؤسنگ، کولڈ سٹوریج اور پراسیسنگ کی سہولت کی فراہمی کی تجاویز کا جائزہ بھی لیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس اور گندم ملک کے لئے معاشی طور پر اہم فصلیں ہیں۔ان فصلوں کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے موثر حکمت عملی کے تحت اقدامات کئے جا رہے ہیں تا کہ پیداواری اہداف کو حاصل کر کے ملک کے لئے زرمبادلہ حاصل کیا جا سکے۔

☆☆☆☆